ہاں اور میرے باقی کزن بھی اجائیں گے اور مرزان کی بہنیں بھی ائیں گی مجھے ماما نے بتایا۔۔۔

www.novelsclubb.com

واؤ یار۔۔۔۔اللہ بس سب خیریت سے ہو جائے۔۔!!

المان سب کو چھت پر آنے کا کہہ کر گیا تھااور سب فریش ہو کر اوپر جانے کاارادہ رکھتے تھے۔۔۔۔

احد یار آجانہ سب اوپر ہیں کتنا مزہ ائے گا۔۔۔۔

"المان احد کو لینے آیا تھا۔"

www.novelsclubb.com

وہ اور مرزان کب اسے منا رہے تھے۔۔

احد نہیں مان رہا تھا۔۔۔۔

تم لوگ جاؤ میرا دل نہیں ہے۔۔۔

مرزان تو بھی چلا جا یار۔۔میں ادھر ہی ہوں۔۔

وہ دونوں برا منہ بنا کر اوپر چلے گئے۔۔۔

www.novelsclubb.com

چھت بہت کھلی تھی اور ہوا چل رہی تھی۔

اوپر سفید چادریں اور لائٹنگ کی گئی تھی اور سائڈ پر کیمرہ سیٹ کیا گیا تھا۔ویڈیو کے لئے جو کب سے ارحان سیٹ کر رہا تھا

ادی نہیں ائے۔۔۔؟"میشا نے مرزان کی طرف دیکھ کر کہا"

نہیں وہ کہہ رہا ہے تم لوگ جاؤ میرا دل نہیں ہے!!!

میشا اداس ہوئی تو الماں نے ایزل کو مخاطب کیا...!

www.novelsclubb.com

ایزل تم جاؤ نہ شائد تمہارے کہنے پر آجائے۔۔۔۔

ایزل ایک دم گڑبڑا گئی میرے کہنے پہ کیوں ائے گا۔۔میں اس کی کیا لگتی ہوں۔

میرا مطلب ہے وہ تمہاری کلاس میں ہے شائد آجائے۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

تو میشا بھی اسے ضد کرنے لگی۔۔۔!!!!

یار۔!!!! جاؤنا ادی بھائی کو مناؤ۔۔

ایزل کو مجبور ہو کر جانا پڑا۔۔۔

ایزل نے کمرے کا دروازہ بجایا۔ وہ بہت گھبرا رہی تھی پتہ نہیں کیوں لیکن گھبراہٹ بڑھتی جارہی تھی

اندر سے آواز ائی۔۔۔اجاو دروازہ کھلا ہے۔

ایزل دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی

تو وہ بیڈ پر بیٹھا ہوا ایک بک پڑھ رہا تھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

احد نے نگاہ اٹھا کر ایزل کی طرف سوالیہ نگاہوں سے دیکھا۔؟

ایزل کو کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا۔ کہ کیا بولے۔۔۔؟

و۔۔۔وہ نہ تم اوپر کیوں نہیں آرہے سب تمہارا پوچھ رہے ہیں۔۔۔

سب پوچھ رہے ہیں یا۔۔۔۔

احد نے جملہ ادھورا چھوڑا اور ایزل کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھا۔۔

نہیں سب کہہ رہے ہیں تم بھی آجاؤ مزہ ائے گا پھر پتہ نہیں یہ وقت آئے دوبارہ یا نہیں۔۔۔

احد نے اگے سے جواب نہ دیا۔۔۔ایزل چپ ہو گئی۔۔؟

میں نہیں آرہا تم جاسکتی ہو۔۔۔۔۔"احد نے صاف انکار کیا تھا۔".

کیوں نہیں آرہے ؟

مجھے یہ فضولیات پسند نہیں۔۔۔۔!

www.novelsclubb.com

تمھیں میری بہن کی شادی فضولیات لگتی ہے۔۔۔

"ایزل کو تو غصہ ہی چڑھ گیا تھا"

میں نے ایسا کب کہا" احد نے سوالیہ نظروں سے پوچھا تھا"

تم نہایت ہی ڈھیٹ انسان ہو، فضول بھی ہو۔۔" ایزل نے سارا غصہ ان القبات کے ذریعے نکالا تھا".

اور کچھ ؟

بد تمیز۔۔۔!!" ایزل نے ایک اور لقب دیا تھا"

خیر بتاؤ آرہے ہو یا نہیں۔۔۔۔؟

نہیں۔۔۔!" احد نے نو بورڈ دکھایا تھا"

کیوں یار بس کر دو اتنے منتیں کیوں کروا رہے ہو۔۔۔!!

www.novelsclubb.com

ایزل سہی میں جھنجلائی تھی۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں نے تمہیں نہیں کہا کے میری منتیں کرو نہیں آرہا میں۔۔۔"احد کو اسکی اس بات پر بہت غصہ آیا تھا"

وہ دوبارہ کتاب کی طرف متوجہ ہو چکا تھا۔۔۔۔۔

احد دیکھو۔۔۔۔"ایزل کو اندازہ ہوا تھا وہ تھوڑا غلط بولی تھی"

دیکھ رہا ہوں۔۔۔"احد نے کتاب سے نظریں ہٹا کر ایزل کو دیکھا"

ایزل احد کے اس طرح دیکھنے پر کنفیوزڈ ہوئی تھی۔۔۔۔

بھاڑ میں جاؤ۔۔۔۔۔

ایزل غصہ میں وہاں سے جا چکی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ اوپر ائی تو سب اسی کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔

ایزل کہاں رہ گئی تھی یار۔۔۔المان نے جھنجھلاتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔

کہیں نہیں یار۔۔۔۔!!

کیوں بلایا ہے "ایزل اسے سے پہلے کچھ بولتی احد بولا تھا"

اور سب حیرانی سے احد کی طرف دیکھ رہے تھے ایزل بھی پیچھے مڑی تھی۔

واہ بھئی یہ چاند کہاں سے نکلا جب ہم بلا رہے تھے تو تو آیا نہیں "مرزان کڑے تیوروں سے بولا تھا۔

میری مرضی میں جب بھی آؤں "احد نے لاپرواہی سے کندھے اچکائے تھے"

www.novelsclubb.com

چھوڑو یہ سب آؤ گیم کھیلتے ہیں۔"الماں نے سب کی توجہ احد کی طرف سے ہٹائی تھی۔"

کس طرح کی گیم؟"ماحد نے دلچسپی سے پوچھا تھا"

Truth and dare ...

الماں نے گویا اعلان کیا تھا۔۔۔

ڈن.."سب نے یک اواز میں کہا تھا"

لے گا وہ سچ سچ بتائے گا ورنہ اللہ ناراض ہو جائے truth اور ایک بات جو بھی گا۔۔۔"یہ ہمارا معصوم ماحد بولا تھا"

www.novelsclubb.com

سب نے سمجھ کر سر اثبات میں ہلایا تھا اور اٹھ کر گول اطراف میں بیٹھے تھے بوتل درمیان میں رکھی گئی تھی۔

Let's start....:

"المان نے کہتے ہوئے بوتل گھمائی تھی"

رمنا!!!!"المان چینخا تھا"

Truth or dare...

سب رمن کی طرف متوجہ تھے۔۔۔

Dareآہ۔۔۔۔!!!

"رمنا نے سوچ کر جواب دیا تھا"

میں دوں گی۔۔۔۔!!!"ایزل تقریباً چینخی تھی"

اچھا دے دو چڑیل چینخ کیوں رہی ہو۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"مرزان گھور کر بولا تھا"

لیکن میں کان میں بولوں گی ایزل نے سب کی طرف دیکھ کر کہا تھا۔اور اٹھ کر رمنا کے پاس آئی تھی

سب تجسس سے دیکھ رہے تھے۔۔۔

کیا۔۔۔!!!!"رمنا حیران تھی"

نہیں میں کیسے کروں گی"رمنا کے تو پسینے چھوٹے تھے"

سوچ لیں ہار جائے گی۔۔۔"ایزل نے چیلنج کیا تھا"

لیکن۔۔۔۔!!!!"رمنا فکر سے لب کاٹ رہی تھی۔"

کیا ہمیں بھی بتاؤ"الماں کو بے چینی ہوئی تھی"

دیکھ لینا ابھی"رمنا اٹھ کر ارحان کے پاس گئی تھی جبکہ ایزل وہی بیٹھ گئی تھی"

رمنا نے گلا کھنکھارا تھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

سنے۔۔۔!!!"رمنا کا لہجہ چاشنی سے بھرپور تھا"

ارحان رمنا کی طرف مڑا تھا۔۔۔۔۔

اور سب تجسس سے یہ سب دیکھ رہے تھے آپ کو تو پتہ ہے کہ ہمارا۔کاح بچپن میں ہی ہو گیا ہے۔"

رمنا نے پیار سے ارحان کے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا یہ بات الگ تھی کہ دل پتے کی طرح لرز رہا تھا۔

ہاں تو۔۔۔۔!!؟

ارحان کو ایزل کی شرارت سمجھ آگئی تھی'

تو مجھے نکاح کا تحفہ دے۔۔۔

کیا۔۔۔۔؟

www.novelsclubb.com

ابھی نکاح ہوا ہے رخصتی تو نہیں ہوئی۔۔۔۔۔!

"ارحان اسکی فرمائش پر حیران تھا"

ہاں تو۔۔۔ نکاح بھی رمنا ہمدان شاہ سے ہوا ہے۔۔ کوئی عام بندی نہیں ہے۔۔"

رمنا نے اترا کر کہ تھا"

اور سب رمنا کو دیکھ کر حیران تھے جس کی زبان نہیں کھلتی تھی اب دیکھو ذرا۔۔۔!

اچھا۔۔۔!! ارحان نے ابرو اچکاتے ہوئے رمنا کو دیکھ تھا۔۔

سنیے نہ دیکھیے دیجیے نہ۔۔۔رمنا روایتی بیویوں کی طرح بول رہی تھی۔۔۔

اچھ لے لو۔۔ارحان نے اپنی جیب سے 10 ہزار روپے نکال کر رمنا کو دیے تھے

۔۔

اور سب کی ہوٹنگ تھی۔۔

www.novelsclubb.com

ارحان نے رمنا کا ہاتھ پکڑا تھا۔۔۔

ایک بات باور کروا دوں تم اب رمنا ہمدان شاہ نہیں۔۔۔۔رمنا ارحان شاہ ہو۔۔

صرف و صرف میری۔۔۔

ارحان رمنا کو اپنے قریب کرتے ہوئے بولا۔۔۔

رمنا گھبرا گئی تھی اور سب کی ہوٹنگ تھی کے بس۔۔۔

چلو اب دوبارہ گیم شروع کرتے ہیں۔

اب کی باری مرزان کی ائی تھی۔۔۔

سب نے مرزان کی طرف دیکھا۔

نہیں نہیں اب باری میری نہیں ہے دوبارہ گھوماں۔

چپ کر جاؤ تمھاری باری ہے بھوت۔۔۔۔۔۔"ایزل نے جیسے پہلے کا حساب برابر کیا تھا"

www.novelsclubb.com

ہاں ہم سب گواہ ہیں۔۔۔

اور مرزان منہ بسور کر بیٹھ گیا۔۔۔

اچھا بتا۔۔۔

Truth or dare...

احد نے مرزان سے پوچھا تھا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ یہ جزباتی ہے اور یہ dare ہی لے گا۔

اور وہی ہوا۔۔۔

Dare...

احد نے ابھی بولنے ہی والا تھا کہ الماں نے اسکی بات کاٹی۔۔۔

احد میں دوں اسے۔۔۔"الماں نے احد سے کہا"

احد نے اثبات میں سر ہلایا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

الماں نے شیطانی مسکراہٹ کے ساتھ گلا کھنکھارا تھا۔۔۔

جی تو مرزان صاحباپ نیچے گارڈن میں جائیں گے اور اس جگہ کھڑے ہوں جہاں سے داداجان کا کمرہ صاف نظر آتا ہے۔

اور بازو پھیلا کر اونچی آواز میں کوئی رومینٹک گانا گائیں۔۔

پر سب کی ہنسی نکلی تھی جبکہ احد کو اپنے دوست پر ترس آرہا تھا dare اور اس

پر سب کو حیرانی سے دیکھ رہا تھا dare مرزان اس

نہیں یار!! دادا جان کی نظر میں میری بہت عزت ہے میں نہیں کر رہا وہ کیا سوچے

گے۔

اب تو کرنا پڑے گا مجھے کچھ نہیں پتا المان نے جیسے سب کچھ مرزان کے۔اوپر ڈال

دیا تھا

مرزان بیچارہ سوچ میں پڑ گیا۔

www.novelsclubb.com

اب اس کے پاس کوئی چارہ نہ تھا۔

وہ اٹھا اور نیچے کی طرف بڑھ گیا اور باقی سب اوپر چھت سے دیکھ رہے تھے۔

چل مرزان تیرا اخری دن ہے۔"کلمہ پڑھ لے"

مرزان مسلسل اپنے لیے خیریت کی دعا کر رہا تھا۔

توہے میری کرن۔۔۔۔توہاں کر۔۔۔۔یانہ کر۔۔۔۔توہے میری کرن۔۔۔

وہ داداجان کے کمرے کے سامنے اس طرح کھڑا تھا کہ اندر بیٹھا ہر نفوس صاف دیکھ سکتا تھا۔

اتنی اونچی آواز تھی کہ۔۔۔۔۔داداجان نے ایک دم مرزان کی طرف باہر دیکھا۔

یہ لڑکا کیا کر رہا ہے۔باقی بھی حیرانی سے مرزان کو دیکھ رہے تھے۔

مرزان کی آنکھیں بند تھیں اور وہ اونچی اونچی گانا سنائے جارہا تھا۔

اسنے جیسے ہی انکھیں کھولیں تو سامنے داداجان اور باقی سب کو خود کو دیکھتے پایا۔۔

www.novelsclubb.com

اور پھر کیا تھا۔مرزان نے ایسے ڈور لگائی کہ بس ابھی اس کے پیچھے چالیس ملکوں کی پولس ہے۔

اور اوپر چھت پر سب کا چھت پھاڑ قہقہے تھے۔

المان اور باقی سب ہنس ہنس کر پاگل ہو رہے تھے۔

اور احد بھی نہ چاہتے ہوئے ہنس رہا تھا۔

لیکن اس وقت کسی کا دھیان اسکی طرف نہ تھا۔

اس سب میں صرف ایک شخص ایسی تھی جو مگن ہو کر احد کو دیکھے جا رہی تھی۔

اس نے پہلی بار احد کو ہنستے دیکھا تھا اور اسکے گال پر ڈمپل۔۔

اسکا دل چاہا کہ وہ اس ڈمپل کو چھو کر دیکھے۔۔

ایک دم مرزان ہانپتہ ہوا اوپر آیا۔

اور سب کو ناراضی سے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

ماحد نے مرزان کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے سراہا۔۔۔

اور پھر سب اپنی اپنی جگہوں پر دوبارہ بیٹھ گئے۔

احد کو ایک دم ایسا لگا جیسے وہ کسی کے نظروں کے حصار میں ہے۔

اس نے ایزل کی طرف دیکھا تو ایزل نے گھبرا کر نظروں کا زوایہ بدلا۔

اور احد اسے دیکھ کر دوبارہ مسکرا اٹھا۔

چلو یار گیم دوبارہ شروع کرو۔

ویسے تم لوگ بہت ہی برے ہو ایسا محسوس کر رہا ہوں میں کہ شائد تم لوگوں ایک ساتھ اپنی پچھلے جنم کا بدلہ لیا ہے۔

"مرزان نے رونی صورت بناتے ہوئے کہا۔"

جب تجھے پتہ ہے کہ تو پھر کیوں بول رہا ہے تو ہمیں کم تنگ کرتا ہے۔

www.novelsclubb.com

"ارحان نے سے ڈپٹتے ہوئے کہا۔"

"مرزان نے زبان دانتوں تلے دبا کر سر پر ہاتھ پھیرا"

چلو یار گیم ختم کرو ماحد نے انھیں تنبیہ کی۔ پھر سونا بھی ہے صبح سب مہمان آرہے ہیں بہت کام ہے۔

مرزان نے دوبارہ بوتل گھمائی۔۔۔۔

"اوراب کی بار باری ایزل کی تھی"

میشا نے پوچھا تھا۔۔۔ turth or dare چلو بتاؤ

لوں گی۔"ایزل نے چہکتے ہوئے کہا" dare میں

یہ بہت مشکل ہو گا۔۔۔۔ کر لو گی۔۔۔

"ماحد نے سوچتے ہوئے کہا۔"

www.novelsclubb.com

ہاں کر لوں گی۔۔۔ایزل سب کچھ کر سکتی ہے۔۔۔

سب نے تجسس سے اسکو دیکھا۔۔۔۔

ہے۔۔۔۔ dare اب ایسا کیا

"الماں سے رہا نہ گیا تو پوچھ بیٹھا"

ایک دم سے ماحد گانا گانے شروع ہو گیا۔۔

"ذرا صبر تو کر میرے یار۔۔

ذرا سانس تو لے دلدار۔۔

چل فکر نوں گولی مار یار۔۔

دن جنڈری دے یار۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

اور سب کا بے ساختہ قہقہا گونجا تھا۔

فضول بکواس کروالو تجھ سے۔۔"الماں نے ہنستے ہوئے کہا تھا"

ایزل تمہیں اس بندے کو ہنسانا ہے۔۔

یا تو یہ ہنستا نہیں ہے یا ہم نے ابھی تک نہیں دیکھا۔۔۔

"ماحد نے احد کی طرف اشارہ کر کے کہا تھا"

کیا یہ کیا بات ہوئی کی کوئی شخص ہنستا نہیں ہے۔۔۔"ایزل کو حیرانگی ہوئی تھی"

ہوتے ہیں کچھ لوگ جن کا اس فریبی دنیا میں ہنسنے کا دل نہیں کرتا"مرزان نے کہتے ساتھ ہی اپنے نادیدہ انسو چہرے سے صاف کیئے تھے۔"

تو چپ کر تیرا بولنا ضروی نہیں ہے۔۔۔!!!

"ماحد نے مرزان کو چپ کروایا تھا"

www.novelsclubb.com

یار میں کیسے میرا مطلب ہے ہمیں ہر بات پر ہنسی آجاتی ہے۔۔اب میں کیسے کروں۔۔۔۔!!

کی فکر ہوئی تھی" dare "ایزل کو اپنے

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اچھا ایسا کرو یہ صرف مسکرائے۔۔

ہاں یہ مسکرا بھی لے تو غنیمت ہے۔۔۔

سب نے ہامی بھری تھی۔۔۔

اچھا اور کوئی انٹرپٹ نہ کرے۔۔۔

اوکے۔۔!!!

ایزل نے ایک گہرا سانس لیا تھا اور احد کی طرف مڑی تھی۔۔

www.novelsclubb.com

اس سب میں احد لاپرواہی سے سب کی گفتگو سن رہا تھا۔۔۔

ایزل کو اپنی طرف متوجہ پایا تو اسکی طرف گھوما تھا۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

دونوں کی نظریں ملیں تھیں۔۔۔

پہلی بار کسی انکھیں پڑھیں تھیں پہلی دفعہ کسی کی آنکھوں میں ویرانی دیکھی تھیں

اسے احد کی انکھیں بہت اداس لگی تھیں۔ بہت خالی جیسے بہت کچھ ادھورا ہو۔۔

اور وہ یک ٹک اسے دیکھنے میں مگن تھی۔۔

جب کہ احد کو ایزل کی آنکھیں اس رات کا سب سے خوبصورت منظر لگیں تھیں یہی تو وہ انکھیں تھیں جو بچپن سے اسے مسکرانے پر مجبور رکھتی تھیں جب سے اسنے ان آنکھوں کو دیکھا تھا مسکرانا بھول گیا تھا۔۔تو اب جب دوبارہ واپس ملی تھی یہ انکھیں تو کیسے نہ مسکراتا۔۔۔

www.novelsclubb.com

یہی سوچتے ہوئے احد مسکرایا تھا اور باقی سب کی ہوٹنگ پر ایزل نے ہوش کی دنیا سنبھالی تھی

ماشاءاللہ ادی بھیاآپ مسکراتے ہوئے بہت حسین لگتے ہیں۔" میشا نے ایک جزب سے کہا تھا۔"

باقی سب نے بھی دل سے احد کی تعریف کی تھی۔۔۔۔

اور یہ لمحہ تھا جب ایزل کے ذہن میں احد کی مسکراہٹ اور انکھیں نقش ہو گئیں تھیں۔

واہ بھئی ایزل ایسا کیا کیا کہ احد مسکرا اٹھا۔" ماحد نے سوال داغا"

ہے۔۔۔ hidden talent بس یہ میرا

"ایزل نے اترا کر کہا"

www.novelsclubb.com

مرزان کہاں پیچھے رہنے والا تھا۔۔۔۔

ہاں تو چڑیلوں کو دیکھ کر یا تو لوگ ڈرتے ہیں اور یا تو بے خوف لوگ ہنستے ہیں۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہاں تو وہ مجھے دیکھ کر ہنستا تو ہے تم تو اسکے ساتھ ہر وقت رہتے ہو تمہیں دیکھ کر تو وہ ہنسنا تو دور مسکراتا بھی نہیں ہے۔۔۔

اس بات پر سب نے ایزل کو سراہا تھا۔۔۔اور مرزان منہ بسور کر رہ گیا۔۔

اچھا چلو جلدی کرو۔۔یہ لاسٹ باری ہے۔۔

پھر سب سونے کے لئے جائیں گے صبح مہمانوں نے انا ہے تو جلدی اٹھنا ہو گا۔۔

اس بار کی باری احد کی ائی۔۔۔

اس سے پہلے کوئی کچھ پوچھتا احد پہلے ہی بول اٹھا۔۔۔

میں dare لوں گا۔۔۔

www.novelsclubb.com

واہ یار یہاں تو سب بہادر ہیں۔۔۔

مرزان نے سب کو بہت ضروری بات سے اگاہ کیا تھا جس پر کسی نے کان نہیں دھرے تھے۔۔۔

اچھا تو احد تم ہمیں کوئی رومینٹک سا شعر سناؤں۔۔۔

یہ تو اتنا آسان ہے۔۔۔"مرزان کو یہ احد کے لئے آسان لگا تھا"

ابے یار دیکھ تو سہی۔۔

چل احد سنا۔۔۔۔

عرض کیا ہے۔۔۔۔۔

احد نے بولنا شروع کیا۔۔۔

ارشاد ارشاد۔۔۔۔"سب نے یک زبان کہا۔۔۔"

www.novelsclubb.com

"یہ عشق و محبت کی روایت بھی عجب ہے۔۔

پانا بھی نہیں ہے اسے کھونا بھی نہیں ہے۔۔۔

جس شخص کی خاطر تیرا یہ حال ہے محسن۔۔۔۔

اس نے تیرے مر جانے پر رونا بھی نہیں ہے۔۔۔"

زبردست یار۔۔!!!"الماان احد کے اس شعر سے امپریس ہوا تھا"

یہ صرف شعر ہی ہے یا۔۔۔۔

"مرزان نے آگے بات ادھوری چھوڑ دی اور اب ہنس رہا تھا"

بکواس نہ کر تم لوگوں نے ہی کہا تھا کہ رومینٹک شعر ہو تو بس اس لیے۔۔

لیکن مجھے ابھی بھی یقین نہیں آرہا یار تیرے اندر کیا کیا چھپا ہے جو مجھے نہیں

پتہ۔۔۔

احد صرف مسکرا پایا تھا۔۔۔

چلو بس یار اٹھو اب بس سونے چلو۔۔

پھر صبح اٹھا نہیں جائے گا۔

میشا یار تمہیں بہت جلدی ہے۔"مرزان خفا ہوا تھا"

مجھے ایک پلین ایا تھا"رمنا ایک دم سے چینخی تھی"

کیا ہو گیا ہے یار ڈرا کیوں رہی ہو۔

ارحان بے زاری والے لہجے میں بولا تھا۔

اچھا سنو سب دیکھو ابھی تک علوینہ بھابھی اور حماد بھائی کی ملاقات نہیں ہوئی کیوں

نہ ہم کروادیں یہ نیک کام۔۔۔

www.novelsclubb.com

"رمنا نے یہ بات سرگوشی نما انداز میں کہی۔"

سب نے ایک دوسرے کو شیطانی مسکراہٹ کے ساتھ دیکھا تھا

البتہ احد نے کوئی دلچسپی نہیں دیکھائی۔۔۔

یہ سب منسوبے بنانے لگے۔۔۔

اچھا پھر ایسا کریں گے ان دونوں کو اوپر چھت پر لے ائیں گے کوئی بہانہ بنا کر۔۔

"ماحد نے سوچتے ہوئے کہا۔"

اور لائے گا کون۔۔۔؟؟"یشا نے سوچتے ہوئے کہا۔".

ایزل لائے گی۔۔۔"ارحان نے ایزل کی طرف اشارہ کیا۔".

نہ بھئی میں نہیں جا رہی انھیں خبر ہو جاتی ہے۔۔۔کہ میں مکھن لگا رہیں ہوں۔۔۔

تو پھر سب سوچنے لگئے۔۔۔

اچھا ایسا کرتے ہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

علوینہ بھابھی کو لینے احد کو بھیجتے ہیں اور حماد کو لینے ایزل۔۔۔۔

مرزان نے ٹھیک کہا۔۔۔"ارحان نے اسکی تائد کی"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور احدان سب کو حیرانی سے دیکھ رہا تھا"

نہیں میں نہیں جاؤں گا۔۔۔

"Noo" احد نے صاف کا بورڈ دیکھایا تھا۔

دیکھو ہم تمہیں حماد بھائی کے پاس نہیں بھیج سکتے۔وہ بھی پہچان لیں گے.اس لئے علوینہ بھابھی کے پاس بھیج رہے ہیں۔

الماں بھائی ٹھیک کہہ رہے ہیں۔پلیز احد بھائی۔

www.novelsclubb.com

"میشا نے بھی التجا کی۔"

احد نے ایزل کی طرف دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہی تھی

"اچھا ٹھیک ہے کر لیتا ہوں"

احد بھی رضامند ہو گیا تھا۔۔۔

اور سب نے ارادہ کیا صبح اس مشن کو سرانجام دیں گے۔

اور سب سونے کے لئے اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے۔

----------------------------------------------------------

--------

بخشواور لیلی سب بچوں کے کمرے کے دروازے بجا رہے تھے۔۔

چھوٹے صاحب آپ لوگ اٹھ جائیں جلدی ناشتہ پہ سب آپ کو گوں کا انتظار کر رہیں ہیں۔

www.novelsclubb.com

"بخشو کب سے باہر سے آوازیں لگا رہا تھا"

ہاں بخشو میاں اٹھ گئے ہیں آپ جائیں ہم آتے ہیں۔۔۔

"سب نے اندر سے آوازیں لگائی تھی"

جی داداجان اج ایزل کے ماموں جان بھی آجائیں گے۔۔

اچھا چلو اچھی بات ہے ویسے آج ساریہ نے بھی آنا تھا۔

داداجان نے سوالیہ نظروں سے فاطمہ بیگم کو دیکھا

www.novelsclubb.com

جی داداجان بس پہنچے والیں ہیں۔۔

وہ ان کے ساتھ ہالے بھی آرہی ہے وہ چھٹیاں گزارنے ائی تھی تو ساریہ نے کہا اسے بھی لے اتی ہوں۔

دادا جان نے مسکرا کر سر اثبات میں ہلایا۔

اسلام و علیکم!

دادا جان۔۔!!!

سب بچے اور بچیاں ایک ساتھ ڈائنگ ہال میں داخل ہوئے تھے اور سلام کیا تھا۔

وعلیکم اسلام!

میرے جگر کے ٹکرے۔۔

کیوں دادا جان دل ٹکرے نہیں ہیں۔۔۔۔"مرزان نے خفگی سے کہا تھا"

اور دادا جان ہنس پڑے"وہ تو صرف ایک ہی ہے"

www.novelsclubb.com

سب نے احد کی طرف دیکھا۔۔۔

وہ تو ناشتہ کرنے میں مگن تھا۔۔

کچھ کی نظروں میں حیرانی تھی کچھ کی حاسد اور غصہ اور کچھ کی نظروں میں خوشی تھی۔۔

چلو بھئی سب کھانا کھانا شروع کرو۔۔۔

"حماد نے سب کا دھیان کھانے کی طرف لگایا تھا"

پر سکوں ماحول میں کھانا کھایا گیا

اور اب سب بڑے لاؤنچ میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے زیادہ کچھ کام نہیں تھا کیونکہ نکاح باہر گارڈن میں تھا اور ویڈنگ پلینر نے کل سے ہی تیاری شروع کردی تھی اور اب بس سب مکمل تھا۔۔۔

جی تو افتخار صاحب آپ کا کام مکمل ہو گیا۔

جی ہمدان صاحب بس سارا کام مکمل کر آیا ہوں اب ٹینشن نہیں ہو گی۔

ہاں!!!انھوں نے سر اثبات میں ہلایا۔

علوینہ بچے آپ خوش ہو نہ اس شادی سے ؟

"دادا جان کب سے اسے نوٹ کر رہے تھے کہ وہ بہت چپ رہ رہی ہے"

علوینہ نے ایک دم منہ اوپر کیا تو نظر حماد سے ملی۔۔۔۔

کیونکہ وہ کل سے اسے اگنور کر رہی تھی حماد نے بات کرنے کی کوشش بھی کی تھی تو اس جگہ سے غائب ہو جاتی تھی۔۔۔

علوینہ نے گھبرا کر نظریں پھر نیچے کر لیں.جی دادا جان میں بہت خوش ہوں۔

آپ فکر نہ کرے میری بچی بہت خوش ہے۔بس تھوڑا گھبرا رہی ہے۔حماد کی موجودگی سے اور پھر یہ کم بولتی ہے۔یہ نئی جگہ ہے اس لئے بھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"آسیہ بیگم نے وضاحت دی تھی۔"

علوینہ اپنی ماما کی اس وضاحت پر اور لال ہوئی تھی۔۔۔۔

اور اٹھ کر اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئی۔۔

جبکہ حماد کے چہرے پر مسکراہٹ کم ہی نہیں ہو رہی تھی وہ بہت خوش نظر آرہا تھا۔

سب میشا کے کمرے میں جمع تھے اور منصوبہ سازی کرنے میں مصروف تھے کہ مشن کو سر انجام کیسے دیا جائے۔۔

ہاں دیکھو پہلے احد تم علوینہ بھابھی کے پاس جاؤ گے اور جیسے ہی چھت پر پہنچوں گے تو ایزل حماد بھائی کے پاس جائے گی۔۔

اور سب نے سر اثبات میں ہلا یا۔۔

---

دروازہ کھلا ہے آجائیں۔۔۔

احد علوینہ کے پاس آیا تھا پہلی دفعہ کسی کے پاس آیا تھا گھبراہٹ تو ہو رہی تھی لیکن ظاہر کہاں کرنی تھی۔

www.novelsclubb.com

علوینہ نے سر اٹھا کر دایکھا تو چونک گئی۔۔

ارے احد تم کوئی کام تھا۔۔۔"علوینہ نے بڑی بہن کی طرح پیار سے پوچھا۔۔"

احد کو پہلی دفعہ کسی اپنے کا احساس ہوا تھا۔۔۔

اس کے چہرے پر ایک زخمی مسکراہٹ تھی۔۔

علوینہ نے اس کے چہرے پر اداسی صاف محسوس کی تھی۔

آؤ یہاں بیٹھو...!!!!!

صوفے کی طرف اشارہ کر کے کہا تھا۔۔۔

جی بس وہ ویسے ہی بات کرنے آیا تھا آپ کو ڈسٹرب تو نہیں کیا؟

نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں ہے دراصل تم پہلی دفعہ میرے پاس ائے ہو اس لئے بس حیران ہوں۔۔۔

www.novelsclubb.com

احد مسکرایا۔۔!!

اوپر چھت پر چلیں۔۔۔

اوکے۔۔۔!! چلتیں ہیں۔۔۔

المان نے جیسے ہی انھیں اوپر جاتے دیکھا تو ایزل کو اشارہ کیا حماد بھائی کے پاس جانے کے لئے۔

یار!!! حماد بھائی تو نیچے سب بڑوں میں بیٹھے ہیں۔۔

ایزل نے پریشان ہو کر کہا۔

تو چلو جاؤ اور کرو اپنا ٹاسک پورا۔

مرزان نے اسے جیسے چیلنج کیا تھا۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔" اسنے ہار مان لی اور نیچے کی طرف بڑھی"

-*------*---------------------------*----------

www.novelsclubb.com

-*------*

حماد بھائی ذرا میری بات سنیں۔۔!

ایزل نے لاونج میں داخل ہو کر حماد کو آواز لگائی۔۔

حماد سب کو ایکسکیوز کرتا باہر آ گیا تھا۔

جی گڑیا خیریت کیا ہوا۔۔؟

اب ایزل کنفیوز کے اب میں انھیں کیا بہانہ بناؤں۔۔

جی آپ کو احد چھت پر بلا رہا ہے۔۔

مجھے!!!"حماد نے فکر مندی سے پوچھا"

جی۔۔!!"وہ اچھا کہہ کر اوپر کی طرف بڑھ گیا۔۔"

www.novelsclubb.com

چلو آؤ جلدی کرو حماد بھائی اوپر گئے ہیں۔۔

ایزل نے جلدی سب کو آکر خبر دی تھی۔

اور سب اوپر کی طرف بھاگے تھے۔

حماد بھاگتا ہوا اوپر گیا تھا تو تھوڑا سانس پھولا ہوا تھا۔۔

ہاں !! احد تم نے بلایا تھا۔"ابھی وہ بول ہی رہا تھا کہ الفاظ منہ میں ہی رہ گئے۔"

سامنے علوینہ کو کھڑا پایا اور احد بھی ساتھ ہی تھا۔

علوینہ حیرانی سے احد کو دیکھنے لگی۔۔۔

حماد جو واپس ہونے لگا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

پیچھے بچہ پارٹی کو کھڑا پایا۔۔۔۔

کدھر جناب۔۔!!! تھوڑی گفتگو تو کر لیں۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

احد جوان کی طرف آچکا تھا۔انھوں نے حماد کو پیچھے کیا اور دروازے کو کنڈی لگا دی۔

حماد اور علوینہ یہ ساری کاروائی حیرانی سے دیکھ رہے تھے۔

حماد نے مڑ کر علوینہ کی طرف دیکھا اور علوینہ نے نظریں دوبارہ نیچے جھکا لیں۔۔۔۔۔۔

اور ہاتھ مسلنے لگی۔۔۔۔۔۔

حماد نے گلہ کھنکھارا۔۔۔۔۔۔۔سلام سے بات کا آغاز کیا گیا۔۔

اسلام و علیکم!

www.novelsclubb.com

و علیکم اسلام!

سلام کے تبادلے ہوئے اور پھر خاموشی۔۔۔۔!

آپ کی گھبراہٹ دیکھ کر لگتا ہے میں کوئی جن بھوت ہوں" حماد نے ہی بات کا آغاز کیا تھا۔"

نہیں ایسی کوئی بات نہیں یے دراصل میں اس طرح کبھی جوائنڈ فیملی میں نہیں رہی اس وجہ سے بس!

اوراچھا لیکن ایزل تو۔۔۔۔۔

حماد نے بات ادھوری چھوڑ دی۔۔۔۔۔۔۔

ہاں! اسکی نیچر ہی ایسی ہے اور وہ سب سے زیادہ گھل مل جاتی ہے۔۔

اچھا چلیں یہ تو اچھی بات ہے۔۔؛

www.novelsclubb.com

ہمم۔!

دیکھیں میں آپ سے صاف بات کروں گا میں نے ویسے بھی بات کرنی تھی اج ہمارے درمیان ایک مقدس رشتہ بننے جارہا ہے۔ تو ضروری ہے اس سے پہلے

ہمارے ذہن میں جو سوال ہی۔انھیں کلئر کرلیں آئی ایم شیور کے آپ کے ذہن میں بھی ہوں گے۔؟

جی۔۔!!

پہلے تو آپ ریلیکس ہوں جائے کیونکہ میں اپکو کھاؤں گا نہیں مجھے اتنا معصوم گوشت نہیں پسند۔۔!!

"حماد نے شرارت سے علوینہ کی طرف دیکھا جس کی آنکھیں مسلسل نیچے تھیں۔۔"

علوینہ نے ایک دم چونک کو اوپر دیکھا۔!

کیا مطلب ہے آپ کا اگر میں معصوم نہ ہوتی تو آپ کھا لیتے مجھے۔۔۔۔۔

"ابھی وہ بول ہی رہی تھی کہ یاد آنے پر رک گئی کہ وہ کس کے سامنے کھڑی ہے۔"

اور حماد ہنوز مسکرا رہا تھا۔

یہ ہوئی نہ بات ایسے کرتے ہیں۔۔اور دونوں مسکرا اٹھے۔۔۔

پوچھے آپ کے ذہن میں جو سوال ہی۔علوینہ اب گھبرا نہیں رہی تھی۔

جی بس میں پوچھنا چار رہا تھا کہ یہ نکاح اپکی مرضی سے ہو رہا ہے کوئی زبردستی تو نہیں ہے۔

اور یہ آپ کو کیوں لگا۔۔"علوینہ نے بھی فوراً جواب دیا تھا"

اپکے رویے سے۔۔۔۔

علوینہ مسکرائی نہیں تھی۔۔میں اپکو پہلے بھی بتا چکی ہوں میرے ساتھ کسی نے زبردستی نہیں کی۔۔

www.novelsclubb.com

حماد نے مسکرا کر سر اثبات میں ہلایا۔۔۔

چلیں یہ تو اچھی بات ہے۔!.

WWW.NOVELSCLUBB.COM

آپ بتائے آپ کو کیا سوال پوچھنے تھے۔۔۔۔۔۔؟

مجھے۔۔۔!! مجھے سوال نہیں پوچھنا تھا۔۔۔

بس ایک بات کلئر کرنی تھی۔۔۔۔

جی بولیں۔۔۔۔! حماد کے تاثرات سنجیدہ تھے۔۔۔

دیکھیں میں چاہتی تھی کہ آپ کو یہ بات پہلے کلئیر کر دوں میرے ماں باپ نے میرے پر بھروسہ کیا ہے اور میں نے کبھی انہیں کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں دیا جس سے ان کی عزت میں حرف آیا ہو۔

www.novelsclubb.com

اور میں آپ سے بھی یہی توقع کروں گی کہ آپ میرے پر بھروسہ کریں میں اپکو اسکی گیرینٹی دیتی ہوں کوئی ایسی بات یہ حرکت نہیں ہو گی جس سے آپکی عزت میں

WWW.NOVELSCLUBB.COM

حرف آئے۔مجھے صرف بھروسہ کی ضرورت ہے اور میں امید کرتی ہوں آپ میرے پر کریں گے۔

اسنے اپنی بات مکمل کر کے اوپر دیکھا تو وہ اسے مسکرا کر دیکھ رہا تھا۔۔

اپ مسکراتے کیوں ہیں مجھے دیکھ کر۔۔۔۔۔

"علوینہ نے ناسمجھی سے حماد کو دیکھا۔۔"

حماد کا ایک دم سے قہقہا گونجا۔۔۔!!

نہیں ایسی بات نہیں ہیں یہ تو آپ کو میں نکاح کے بعد بتاؤں گا کہ میں کیوں ہنستا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حماد نے علوینہ کو اپنے نظروں کے حصار میں رکھ کر دیکھا۔۔۔

علوینہ کو ایسا محسوس ہوا۔۔جیسے حماد کی انکھیں اسکا ایکسرے کر رہیں ہوں۔۔۔

لیکن اسکی بات کا مطلب سمجھ آتے ہی۔۔علوینہ کا چہرہ لال ہو چکا تھا اور پلکیں تو اتنے بھاری لگ رہیں تھی کہ اب شائد اٹھائی ہی نہ جائیں۔۔۔۔۔

حماد اسکی یہ حالت دیکھ کر محظوظ ہو رہا تھا۔۔۔

اور رہی بات بھروسے کی تو میں کر لیتا ہوں آپ پر بھروسہ امید ہے کبھی ٹوٹنے کا موقع نہیں دیں گی آپ۔۔۔۔۔

علوینہ نے ہنز نظریں جھکائے ہوئے سر اثبات میں ہلایا۔۔۔

حماد مزید مسکرا رہا تھا۔۔۔

چلیں ہمیں نیچے چلنا چاہیے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

جی۔۔۔! چلیں۔۔

---

لاؤنج میں سب بچوں کے شور کی آواز آ رہی ہے میرے خیال سے سب پہنچ گئے ہیں۔۔۔"حماد نے علوینہ سے کہا تھا"

جی شائنڈ۔۔۔!!"علوینہ نے نرمی سے جواب دیا۔۔"

یار ایزل یہ حویلی بہت پیاری ہے۔۔"ایان نے جیسے اسکی انفارمیشن میں اضافہ کیا تھا۔"

شکر ہے تم نے بتادیا ورنہ میں تو یہی سوچتی رہتی کی حویلی کیسی ہے۔۔۔"ایزل نے میٹھا سا طنز کیا تھا"

جسے ایان بہت ڈھیٹائی کے ساتھ نظر انداز کر گیا۔۔۔۔

اسلام وعلیکم!!!

www.novelsclubb.com

ایان اور ریان کمرے میں داخل ہوئے تو سب کو دیکھ کر سلام کیا۔۔۔۔

اس وقت کمرے میں احد، مرزان، المان، میشا، ارحان، ماحد۔۔۔یہ سب موجود تھے

۔۔۔

یہ کون ہیں۔۔۔؟

"میشا نے ایزل سے پوچھا"

میشا یہ میرے ماموں کے بیٹے ہیں میں نے بتایا تھا نہ کہ وہ ائیں گے۔

"ایزل نے میشا کو تفصیل سے جواب دیا۔"

یہ دونوں ایک جیسے ہیں۔۔۔"الماں حیران تھا کیونکہ وہ دونوں کافی حد تک ایک جیسے لگتے تھے"

باقی سب بھی حیرانی سے دیکھ رہے تھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

تم دونوں کے کیا نام ہیں۔۔۔"مرزان بولا تھا۔۔بولے بغیر رہ سکتا تھا وہ۔۔۔"

ایزی ہمارا انٹرو کرواو یار۔۔

"ریان ایزل سے مخاطب ہوا تھا"

ایزی یہ ایزی کیا ہوتا ہے "مرزان نے نام کے ساتھ برے برے منہ بنائے تھے "

ایزل کا نک نیم ہے "

"ایان نے معصومیت سے جواب دیا۔ "

ایزی نہیں چڑیل ٹھیک ہے۔۔۔"مرزان کہتے ساتھ بھاگا تھا کیونکہ ایزل اسے خونخوار نظروں سے دیکھ رہی تھی "

تم روکو زرا بھوت تنگ کر کے رکھا ہوا ہے مجھے۔۔"ایزل مرزان کے پیچھے بھاگ رہی تھی باقی سب ایزل کو سپورٹ کر رہے تھے "

یار اچھا سوری "مرزان اب احد کے پیچھے تھا۔۔"

www.novelsclubb.com

ادھر آؤ تم سوری کے کچھ لگتے "ایزل احد کے آگے تھی اور احد بیچارہ کبھی ادھر ہوتا تو کبھی ادھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

یار بچالے مجھے "مرزان نے احد سے التجا کی تھی وہ سائڈ سے نکل کر بھاگا تھا کہ اچانک احد کو دھکا لگا تھا دھکا لگنے کی وجہ سے احد ایزل کے ساتھ صوفے پر گرا تھا اب وہ دونوں ایسی پوزیشن میں تھے کہ ایزل نیچے تھی اور احد اس کے اوپر ہاتھ سے فاصلہ قائم تھا۔

باقی سب کی ہنسی کو بریک لگی تھی۔

اب میری خیر نہیں "مرزان کو اپنی فکر لگی تھی۔"

الماں نے اگے بڑھ کر دونوں کو اٹھایا تھا لیکن ایزل کے بال احد کی شرٹ کے بٹن میں پھنس گئے تھے۔۔۔۔۔

آہہ ہہہ۔۔۔۔۔!!! "احد کے دور ہونے سے ایزل کے بال کھینچے تھے"

نکالو اسے۔۔۔"ایزل نروس ہو رہی تھی احد کے اتنے قریب ہونے سے اور پھر جان لیوا خوشبو احد بھی بال نکال رہا تھا لیکن وہ بری طرح پھنس گئے تھے۔"

ایزل تو احد کو دیکھنے میں مصروف تھی اور آج ایک بار پھر اس نے دل ہی دل میں اس کی خوبصورتی کو سراہا تھا۔۔

ہائے گائز" یہ رنزا تھی جو زینب بیگم کی بہن کی بیٹی تھی اور الماں کی منگیتر۔۔"

زینب بیگم کی ایک بہن تھی جن کا نام سادیہ تھا ان کی دو بیٹیاں حرا اور رنزا تھی اور ایک بیٹا شازر تھا۔ان کے ساتھ ہالے بھی آئی تھی ان کی پھوپھو کی بیٹی تھی۔

یار نکل ہی نہیں رہا۔۔۔۔۔

"احد نے نگاہ اٹھائی تھی اور ایزل کی آنکھیں میں دیکھا تھا جہاں حیا اور شرم کے ملے جلے تاثرات تھے اس کی حالت سے محظوظ ہو رہا تھا۔"

باقی سب بچہ پارٹی بھی رنزا کے پیچھے داخل ہوئی تھی جس میں مرزان کی دو بہنیں انا اور اعلانہ بھی تھیں۔۔۔

انھوں نے بھی سب کو سلام کیا۔۔۔!

سب کے چہروں پر معنی خیز مسکراہٹ تھی سوائے ایک کے۔۔؟

ایسا کرو بال کاٹ دو۔۔۔"حرا بولی تھی"

www.novelsclubb.com

نہیں میرے بال۔۔۔"ایزل رونے والی ہو گئی تھی۔"

تو پھر کیا کریں۔۔۔"میشا بھی پریشان ہوئی تھی۔"

ایسا کرتے ہیں احد کی شرٹ کا بٹن توڑ دو۔۔۔"المان نے سب کی طرف دیکھ کر مشورہ دیا تھا"

ٹھیک ہے قینچی لاؤ۔۔۔

المان نے احد کو قینچی پکڑائی تھی۔۔

احد نے بٹن توڑا تھا بٹن کے ٹوٹتے ہی فوراََ ایزل دور ہوئی تھی۔

لیکن چور نظروں سے احد کو دیکھا تھا اور فوراََ نگاہیں جھکائی تھی کیونکہ احد کی شرٹ کا بٹن کھلا ہوا تھا۔۔

شکر ہے۔۔۔۔"سب نے سکھ کا سانس لیا تھا"

www.novelsclubb.com

آؤ بیٹھو سب۔۔"ارحان نے سب کو بیٹھا دیا تھا"

چل یار اب تو کرا دے ہمارا انٹرو۔۔۔۔

"ایان نے ایزل کو مخاطب کیا تھا۔۔"

اچھا یہ ہے میرے ماموں کے بیٹے ایان اور ریان۔۔۔

ہم ان میں سے فرق کیسے کریں گے۔۔۔۔۔۔"المان نے کہا۔؟"

جس کے براؤن بال ہیں وہ آیان ہے۔۔۔۔اور جس کے کالے بال ہیں وہ ریان ہے۔۔۔۔

اچھاا۔۔۔!!

سب گپ شپ میں لگئے تھے لیکن احد مرزان کو کمرے میں انے کا اشارہ کر کے جا چکا تھا۔۔۔۔۔

ہالے کی نظروں نے دور تک احد کا پیچھا کیا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اللہ مجھے بچا لینا۔۔"مرزان احد کے کمرے کے باہر کھڑا اپنی سلامتی کی دعا کر رہا تھا۔"

اوہ۔۔۔!!"اور یہ پڑا تھا احد کا مکا مرزان کے چہرے پر۔۔"

یہ سب کیا تھا۔۔"احد نے سخت لہجے میں پوچھا۔۔"؟

سوری یار مجھے نہیں پتا تھا غلطی سے دھکا لگا تھا۔"مرزان نے ڈرتے ڈرتے بتایا تھا
"۔

کتا، کمینہ "احد کا بس نہیں چل رہ تھا مرزان کو اٹھا کر بالکنی سے نیچے پھنک
دے۔۔۔"

سوری نہ۔۔۔!!

دفعہ ہو۔۔۔"احد نے ایک اور مکا مارا تھا"

ناک توڑے گا کیا۔"مرزان درد سے کرایا تھا"

www.novelsclubb.com

اچھا یہ شرٹ تو چینج کر لے اتنا ہاٹ لگ رہا ہے کہیں لڑکیاں فلیٹ نہ ہو
جائیں۔۔۔۔

"مرزان کہتے ساتھ ہی دروازے کی طرف بڑھا تھا۔"

بے غیرت "احد نے گالی پر کنڑول کیا تھا ورنہ تو پتا نہیں کیا کر بیٹھتا۔۔۔۔۔"

نیچے نہیں آرہا۔۔"مرزان نے جاتے جاتے پوچھا۔۔"

نہیں۔۔!!"یک لفظی جواب ملا۔۔"

لیکن۔۔۔!!"مرزان اسے پہلے کچھ بولتا احد کی سرد نگاہوں نے بولتی بند کر دی ۔۔۔"

مرزان دروازہ بند کر کے جا چکا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

ایزل۔۔۔!"آئینے کے سامنے کھڑا وہ نام دہرا کر مسکرایا تھا جبکہ ہاتھ شرٹ کے بٹن پر تھے جہاں سے بٹن ٹوٹا تھا۔ پھر سر جھٹک کر شرٹ چینج کرنے چلا گیا۔"

مڑا یہ بھی ہماری طرح ہیں۔۔۔!!" یہ آنا تھی مرزان کی بہن جس کی اردو خراب تھی اور ساتھ اعلانہ کی بھی۔۔"

واؤ یہ لوگ بالکل پٹھانی لہجے میں بولتی ہیں "ایان چہکا تھا"

خیر یہ میری شرارتی چڑیلیں ہیں جس آنکھیں کالی ہیں وہ آنا ہے اور جس کی گرے آئز ہیں وہ اعلانہ ہے۔۔۔" باقی سب نے تو کیا ہی دیکھا تھا گور سے لیکن آیان ریان انکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہے تھے"

ماشاءاللہ یعنی ہماری حویلی میں دو دو ٹوئنز ہیں۔" میشی کے لہجے میں حیرانی اور پیار دونوں تھا"

یار یہ احد کہاں ہے۔۔"المان نے احد کی غیر موجودگی کو محسوس کیا تھا"

وہ نہیں آرہا۔" مرزان نے بتایا"

اونہہ۔۔۔۔وہ آئے گا بھی نہیں پتا نہیں کیا سمجھتا اپنے آپ کو۔" شاذر استہزایہ ہنسا تھا"

باقی سب نے افسوس سے سر جھٹکا تھا جبکہ ایزل سوالیہ نظروں سے میشا کو دیکھ رہی تھی۔۔

وہ شاذر بھائی اور آدی کی نہیں بنتی اپس میں۔۔۔۔" میشا نے ہلکی آواز میں بتایا تھا"

کیوں۔۔۔" ایزل حیرانی ہوئی تھی"

پتا نہیں۔۔" میشا نے کندھے اچکائے تھے"

ایزل کو ابھی تک اسکے چہرے کے تاثرات اچھے نہیں لگے تھے۔۔ جس طرح اسنے احد کے بارے میں کہا تھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ویسے میشا تمہیں پتا ہے۔ میں نہ اپنے حیثیت کے مطابق لوگوں سے دوستی کرتی ہوں بلکہ نہیں ایسا کہو بات بھی دیکھ کر کرتی ہوں۔۔اور جن لوگوں سے میری

بات چیت ہو۔پھر انھیں بھی چاہیے کہ وہ بھی لوگوں کی شکل دیکھ کر بات کریں۔۔۔لوگوں کی شکل ہوتی نہیں ہے اور باتیں انسے کروالو بڑی بڑی۔۔۔۔

"ایزل نے نام تو میشا کا لیا تھا لیکن جس کو کہہ رہی تھی وہ اچھے طریقے سے سمجھ رہا تھا۔۔اور وہاں موجود ہر نفوس ہی اپنی ہنسی کنٹرول کر رہا تھا۔۔۔سوائے شاذر کے ۔۔ایزل کہا ہی اس انداز سے تھا کہ شاذر کے علاوہ کوئی بھی ہوتا تو سلگ کر رہ جاتا۔ اور اینڈ میں میشا کو آنکھ ونک کی تھی۔۔۔۔۔۔

اتنی میں دیر وہ کچھ بولتا کے سادیہ بیگم کمرے میں داخل ہوئیں۔۔۔۔

جاؤ احد کو بلا کر لاؤ۔۔۔۔سادیہ بیگم نے باہر سن لیا تھا سب۔۔۔اس لئے سب کو کہا جاؤ بلا کر لاؤ۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بلائے گا کون۔۔۔۔"ماحد نے سوالیہ نظروں سے پوچھا تھا"

مجھے ،الماں اور ماحد کو تو کام سے جانا ہے تم سب چلے جاؤ" ارحان نے اٹھتے ہوئے کہا"

جاؤ بچوں بلا کر لاؤ اور شاذر تم ذرا میری بات سنو۔۔۔۔۔"سادیہ بیگم نے سب کو جانے کا کہہ کر اینڈ میں شاذر کو سختی سے کہا"

چلو پھر۔۔۔!!!"مرزان نے سب کو کہا"

اب ایزل، میشا، مرزان، حرا، ہالے، ایان، ریان، انا، اعلانہ سب احد کے کمرے کے باہر کھڑے تھے جبکہ رنزا اور رمنا، رمنا کے کمرے میں جا چکی تھیں۔

ادی بھیا کے کمرے میں کسی کو جانے کی اجازت نہیں" میشا نے ہلکی آواز میں کہا تھا "

اور مجھے ابھی مرنے کا شوق نہیں ہے" مرزان کو اپنی فکر تھی"

ہاں تو میں چلی جاتی ہوں۔۔"ہالے اندر جانے لگی تھی"

نہیں تم نہ جاؤ"میشا نے ہالے کو ہاتھ پکڑ کر روکا تھا"

تو پھر کیا کرے"ایزل جھنجھلائی تھی"

ایسا کرتے ہیں سب اکھٹے جاتے ہیں"حرا بولی تھی اور سب نے اوکے کہہ کر دروازہ کھولا تھا"...!

اندر قدم رکھتے ہی محسوس ہوا تھا کہ جیسے برف کے میدان میں قدم رکھا ہو احد کے روم میں اے۔اسی اون تھا اور لائٹس بند تھی

لائٹ اون کرو"ایان نے ریان سے کہا تھا۔۔۔۔"!

www.novelsclubb.com

لائٹ اون ہوتے ہی پورا کمرہ روشنی میں نہا گیا تھا سب احد کے کمرے کو حیرانگی اور ستائشی نظروں سے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

سوائے ایزل میشا اور مرزان کے۔۔۔

یہ تو سو رہا ہے۔۔"مرزان نے خفگی سے کہا"

اب کیا کریں۔۔۔؟"ریان نے کہا"

اٹھادو اسے "ایزل کہتے ساتھ ہی بیڈ کی طرف بڑھی تھی"

لائٹ ہونے سے احد کی نیند میں خلل آیا تھا اس لئے اس کی نیند ٹوٹ گئی تھی۔۔۔

احد۔۔"ایزل نے اسے پکارا تھا لیکن ہالے کو ایزل کا اس کا نام لینا بالکل پسند نہیں آیا تھا۔

احد نے انکھیں کھولیں تھیں نیند سے خمار آلود انکھیں تھی ایزل کے دل نے ایک بیٹ مس کی۔

www.novelsclubb.com

ماڑا یہ کتنا پیارا ہے "آنا چہکی تھی"

مرزان کی گھوری پر چپ بھی ہوئی میرا مطلب تھا کہ پیارا الالہ ہے۔"اعلانہ نے فوراً جملہ بدلا تھا"

یہاں کیا کر رہے ہو تم سب۔۔۔۔۔"احد نے اکتائے ہوئے انداز میں کہا"

وہ سادیہ آنٹی نے بلایا ہے تمہیں۔۔۔۔!!

ایزل نے خود کی گھبراہٹ کو سمبھالتے ہوئے کہا۔

سب احد کی انکھوں سے خوف محسوس کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

دفعہ ہو سب یہاں سے نہیں آرہا میں۔۔۔۔

اس وقت احد کا سر درد سے پھٹ رہا تھا اور اوپر سے ان لوگوں نے اسے آدھی نیند سے اٹھا دیا تھا۔۔۔۔

احد کے ایک دفعہ کہنے سے سب کمرے سے جا چکے تھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

چلو۔۔"مرزان نے ایزل کی طرف دیکھ کر کہا جو ابھی تک کھڑی احد کو تکنے میں مصروف تھی۔۔"

ہاں تم چلو میں آتی ہوں۔۔۔۔!

"مرزان ایک نظر احد کو دیکھ کر ایزل کو جلدی انے کا کہہ کر جا چکا تھا"

ایزل جاؤ تم بھی۔۔۔!

احد۔۔۔!!

اتنی نرم آواز کہ احد کا دل برے طریقے سے دھڑکا تھا۔۔۔۔۔

احد نے انکھوں پہ سے بازو ہٹا کر ایزل کو دیکھا۔۔۔

ایزل بے ساختہ بولی تھی۔۔

تمہاری آنکھیں بہت خوبصورت ہیں۔۔۔؛!!!!

اس بات نے احد کا دل تو دھڑکایا تھا لیکن ہر دفعہ لوگ اسکی خوبصورتی کی وجہ سے اسکی طرف مائل ہوئے تھے کوئی اسکی اندرونی خوبصورتی کو نہیں دیکھتا تھا

۔۔۔۔۔۔

جاؤ یہاں سے۔۔۔"انکھوں میں اچانک سے سرد پن اگیا تھا۔۔۔"

www.novelsclubb.com

ایزل ایک دم سے گڑ بڑا گئی۔۔۔

احد تم آ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!

ایزل کے الفاظ ابھی منہ میں ہی تھے کہ احد ایک دم سے دھاڑا۔۔۔۔۔!!

جاؤ۔۔۔۔۔"چہرہ بلا کا سنجیدہ تھا"

پہلی بار ایزل سے کسی نے اونچی اواز میں بات کی تھی۔۔اور یہ تو وہ شخص تھا جس سے اسے یہ امید نہیں تھی پتہ نہیں کیوں اہزل کو اس وقت بہت برا لگا تھا احد کا یہ رویہ۔۔۔

انکھوں میں ائی نمی اندر دھیکلتی باہر چلی گئی۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسکی انکھوں میں ائی نمی احد سے مخفی نہیں تھی۔۔۔۔۔

اسے اپنے اس رویے پر غصہ ایا تو سائڈ ٹیبل پر پڑا گلاس ہی اٹھا دیوار میں مارا۔۔جس کی وجہ سے اسکا ہاتھ بھی زخمی ہو چکا تھا۔۔۔۔

درد اسے اب نہیں ہوتا تھا۔۔۔ بچپن سے درد میں رہا تھا عادت ہو چکی تھی۔۔۔

لیکن یہاں تو بات احساس کی بھی پیار کی بھی پرواہ کی تھی۔۔ یہاں تو ان احساسات کا دور دور تک نام و نشان نہیں تھا۔۔۔۔۔۔

اٹھ کر واشروم گیا فریش ہو کر اپنے ہاتھ کی ڈریسنگ کی اور سادیہ بیگم کے پاس جانے کے لیے کمرے سے نکلا۔۔۔۔

وہ جانا ہی نہیں چاہتا تھا لیکن اب تو جانا بہت ضروری تھا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"دل کیوں کھینچا جاتا ہے اس کی طرف اے خدا

کیا اس نے بھی مجھے حاصل کرنے کی دعا مانگی ہے۔"

---

تم نے اس فنکنشن میں کوئی بدمزگی کی تو تمھارا وہ حال کروں گی کہ یاد کرو گے۔۔

خالہ آپ نے مجھے بلایا۔۔۔

"سادیہ بیگم جو شاذر کو وارننگ دے رہی تھی پیچھے سے آواز آنے پر مڑی۔"

www.novelsclubb.com

جاؤ تم یہاں سے اور یاد رکھنا جو کہا ہے۔

آؤ بیٹا تم تو خالہ سے ملے ہی نہیں کہاں تھا میرا بچہ۔۔۔۔

پیار بھرے لہجے میں احد کو انھوں نے کہا اور پیار کیا۔

وہ بس میں سو رہا تھا۔۔"احد نے شرمندگی چھپاتے ہوئے کہا۔۔"

یہ تمہارے ہاتھ کو کیا ہوا۔۔۔"سادیہ بیگم کی نظر ایک دم سے اسکے ہاتھ پہ پڑی۔۔"

وہ بس کچھ نہیں۔۔۔!

احد نے نظریں چرائی تھی۔۔!!!

اچھا دھیان رکھا کرو احد۔۔بیٹا۔۔سادیہ بیگم پریشان ہوئیں تھی۔۔

اچھا جاؤ آرام کرو۔۔۔مجھے لگ رہا ہے تمہیں بخار بھی ہو رہا ہے۔۔۔

جی اچھا۔۔۔!!!

www.novelsclubb.com

وہ کمرے سے نکل کر اپنے کمرے کی طرف جا رہا تھا کہ اچانک کسی سے ٹکراؤ ہوا۔۔

کیا ہوا ہے احد یار۔۔مرزان اپنا سر سہلاتے ہوئے بولا۔۔"

تیری طبیعت ٹھیک ہے۔۔۔۔!!

کیا یار ٹھیک ہوں میں سب طبیعت کا ہی پوچھے جا رہے ہیں۔۔۔۔۔!!!

وہ بہت زیادہ جھنجھلایا ہوا تھا۔۔۔اور اپنے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔

---

ارے بچے کہاں ہیں صبح سے نظر نہیں آ رہے۔۔۔

دادا جان نے آسیہ بیگم سے پوچھا۔

جی دادا جان وہ سب اوپر ہیں اور سادیہ بھی اوپر گئی ہے احد سے ملنے۔۔۔

اچھا چلو کھانے پہ سب سے ملاقات کریں گے۔۔۔

جی بہتر۔۔۔!!!

www.novelsclubb.com

اچھا دادا جان یہ احد بیٹا جو ہے بہت جاموش رہتا ہے بولتا نہیں ہے کسی سے بھی۔۔۔

افتخار صاحب نے احد کو بہت نوٹ کیا تھا۔۔۔۔

دادا جان یک دم خاموش ہو گئے۔

ہاں ! افتخار بس میرا بچہ بولتا کم ہے۔اور لوگوں کو کہاں کوئی ہنستا ہوا بندہ اچھا لگتا ہے۔۔۔

یہ بھی ہے اج کل دنیا میں لوگوں کو وہ شخص بالکل اچھا نہیں لگتا جو ہنستا ہو۔۔۔

"افتخار صاحب نے بات پر گور نہیں کیا۔"

لیکن وہاں موجود ہر نفوس اس طنز کو سمجھ چکا تھا۔۔۔

اور علوینہ کو بھی بہت عجیب محسوس ہوئی تھی دادا جان کی یہ بات۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسے تو بس احد سے فرصت نہیں۔۔۔

ہاں ! پتہ نہیں میری بہن ہو کر احد پر جان وارتی ہے۔۔

فاطمہ تم اسے سمجھاتی کیوں نہیں۔۔

بھئی اتنا سمجھایا ہے لیکن نہیں سمجھتی اسکے لئے خاص ممتا جاگ جاتی ہے اسکی۔۔۔۔

ہمم !! زینب بیگم نے سمجھتے ہوئے سر ہلایا۔۔۔

ابھی بھی گھسی ہو گی اسی کے پاس۔۔۔

www.novelsclubb.com

ڈائنگ ہال میں سب خانے پر بیٹھے تھے۔۔۔ خوشگوار ماحول تھا۔۔۔ !!

اسیہ بیگم نے احد کی غیر موجودگی کو محسوس کیا۔۔

اسی پہلے وہ بولتی داداجان نے سادیہ بیگم سے پوچھا۔۔

سادیہ احد کہاں ہیں۔۔؟

جی باباجان وہ اپنے کمرے میں ہے تھوڑا تھکا ہوا تھا اور ہاتھ پر بھی چوٹ لگی تھی تو ریسٹ کر رہا ہوگا۔۔۔۔۔

داداجان ایک دم سے پریشان ہو گئے۔۔۔

کیا ہوا میرے بچے کو۔۔۔؟؟

ابھی تو ٹھیک تھا۔۔۔۔۔۔"مرزان نے بھی فکر مندی سے سرگوشی کی"

سب فکر مند تھے سوائے فاطمہ بیگم کے۔۔۔

www.novelsclubb.com

علوینہ اور ایزل کے دماغ میں بہت سے سوال اٹھ رہے تھے۔۔۔

افتخار صاحب سب کچھ نوٹ کر رہے تھے۔۔۔۔

ایزل کی ڈسٹر بنس کو بھی وہ انکی بیٹی تھی اسکی رگ رگ سے واقف تھے وہ۔۔۔۔

±---------------------------------------------------------------------

-------

صبح سورج طلوع ہوا تھا۔اور ہر جگہ اپنی معمول کے مطابق زندگی رواں دواں تھی۔

اسی سب میں گاؤں کی وہ حویلی جہاں خاموشی رہا کرتی تھی اج اپنے پورے ابوتاب سے روشنیوں میں نہا رہی تھی۔۔

ہر کوئی اپنے کاموں میں مصروف تھا۔۔

معمول کے علاوہ اج سب لوگ جلدی اٹھے تھے۔کیونکہ جمعہ کے بعد نکاح رکھا گیا تھا۔سب نے جمعہ پڑھ کر نکاح کا فرائضہ سرانجام دینا تھا۔

ناشتے کے بعد اب سب نکاح کی تیاریوں میں مصروف تھے۔گارڈن میں سجاوٹ کا کام ہو گیا تھا۔لیکن خود کو سجانے کا کام ابھی رہتا تھا۔

ایزل تم کدھر ہو۔علوینہ کب سے ایزل کو آواز دے رہی تھی۔آسیہ اور زینب بیگم نے اسے کمرے میں تیار ہونے بھیجا تھا۔

جی اپیا۔۔۔!

ایزل میشا کے کمرے سے نکلی تھی۔

ذرا میرے پاس آجاؤ وہیں تیار ہو جانا مجھے گھبراہٹ ہو رہی ہے۔

اچھا میں آتی ہوں۔۔۔۔۔میشا بھی اجائے؟

ہاں لے آؤ۔۔"اس نے مسکراتے ہوئے اجازت دی تھی۔"

www.novelsclubb.com